Provincial Institute of Teacher Education (PITE) Balochistan

تربیتی مواد

برائے پیشہ ورانہ تربیت:


کمیونٹی سکول اساتذہ زیرِ پروگرام BESP برائے ساؤتھ ایسٹ ریجن

مضمون: انگریزی (II)


مصنف: حسن جان، سینئر ماہر مضمون پائٹ

رہنمائی: پروفیسر نورالحق پانیزئی ڈائریکٹر پائٹ

زیرِنگرانی: عنائت اللہ پائٹ







تعارف/ پیش لفظ

زبان تاثرات و خیالات اور جذبات کی ترسیل کا ذریعہ ہے۔ افراد باہم رابطے کے لئے زبان استعمال کرتے ہیں جو کہ پیغام رسانی کا ایک ذریعہ ہے اور جو حالات اور واقعات کو رقم کرتا ہے۔ انگریزی زبان بین الاقوامی رابطے کی زبان ہے جو جدید سائنس اور ٹیکنالوجی کے تیز رفتار دور کی اہم ضرورت ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ یہ کمرۂ جماعت میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے اور آئندہ کی اعلی تعلیم کے حصول کی کامیابی کا پہلا زینہ قرار پائی ہے۔

مندرجہ بالا حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت بلوچستان نے پرائمری اسکولوں میں انگریزی کو لازمی مضمون قرار دیا ہے۔ اس کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام کے تحت کمیونٹی سکول اساتذہ کی تربیت کا ایک اہم جز ہے۔ تاکہ اساتذہ کمرہ جماعت میں مؤثر انداز میں سہولت اور جدید تکنیک کو استعمال کرتے ہوئے بچوں کو سرگرمیوں کے ذریعے انگریزی کی درس وتدریس کرائیں اور کمرۂ جماعت میں نفس مضمون اور Strategies دونوں کو ساتھ ساتھ متعارف کرایا جائے۔ پاکستان میں عمومی اور بلوچستان میں خصوصی طور پر اساتذہ کو ایسی تربیت فراہم کرنا کہ وہ انگریزی کو بطور غیر مُلکی زبان پڑھا سکیں۔ ان ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ماڈیول لکھا گیا ہے۔ اس امر کا خیال رکھا گیا ہے کہ ماڈیول کمرۂ جماعت کی ضروریات کو پورا کرتے ہوئے اساتذہ کیلئے مؤثر ومعاون ثابت ہو۔

ماڈیول میں جدید طریقہ ہائے تدریس اور بچوں کو Joyful learning کے مواقع فراہم کرنے کو بنیاد بنایا گیا ہے تا کہ ایک غیر مُلکی زبان کو دلچسپ اور آسان انداز میں پڑھایا جائے۔ ماہرین زبان مادری زبان سیکھنے کی مہارت کی بجائے مادری زبان کی Acquisition کو ترجیح دیتے ہیں جو کہ زبان کی تدریس میں ایک قدرتی عمل ہے۔ کمرۂ جماعت کے تعلیم کے عمل کو ایک مختلف عمل قرار دینا جو کہ باضابطہ تدریس کا نتیجہ ہے۔ بچے سرگرمیوں میں اشتراک کی وجہ سے پڑھنا، لکھنا، سننا، بولنا ایک غیر محسوس طریقے سے ایک آزادانہ اور قدرتی ماحول میں سیکھیں گے۔ ماڈیول میں روزمرہ کی عام زبان جو درسی کتابوں پر منحصر ہے ابتدائی جماعتوں میں تدریس گرائمر پر زور نہیں دیا گیا نتیجتاً ہمارے آئندہ جماعتوں میں رواں بااعتماد اور مستعد انگریزی زبان دانی کے شہ پارے ابھریں گے۔

پروفیسر نورالحق پانیزئی
ڈائریکٹر پائیٹ بلوچستان کوئٹہ

سبق:

Listen and Read the Sentences.

Allah is the creator of the earth.



Allah is the creator of the sun.

Allah is the creator of the moon.



Allah is the creator of the hills.



Allah is the creator of the forests.



Allah is the creator of the fields.



Allah is the creator of the seas.



Allah is the creator of the rivers.



Allah is the creator of the man.



Allah is the creator of the animals.




Allah is the creator of the birds.



Allah is the creator of the world.

Our Last Prophet (P.B.U.H).



مقاصد: اس ٹریننگ سیشن کے اختتام پر شرکاء ٹریننگ اس قابل ہو جائینگے کہ وہ:

(الف) درس وتدریس میں فلیش کارڈز کو موثر انداز میں استعمال کریں۔
(ب) طریقہ ہائے تدریس اور گروپ ورک سے شرکائے ٹریننگ کی تدریس اور مقاصد کے حصول کو بہتر (یقینی) بنائیں۔

حاصل شدہ نتائج: Out Comes

شرکائے ٹریننگ اس قابل ہوں گے کہ:

-1 وہ بذریعہ مشاہدہ فلیش کارڈز پر لکھے ہوئے الفاظ اور تصویروں کو دیکھ کر نئے الفاظ بولنا سیکھیں۔
-2 (Expert groups) میں کام کرتے ہوئے جاندار اور بے جان چیزوں کو شناخت کریں۔
-3 جاندار اور بے جان چیزوں کو علیحدہ علیحدہ کریں۔

پہلا مرحلہ: (Phase1)

پہلا قدم:
سہل کار گزشتہ معلومات کو اخذ کرواتے ہوئے پڑھنے بولنے لکھنے اور سیکھنے کیلئے واضح لائحہ عمل وضع کرے۔

دوسرا قدم:
اللہ تعالی کے متعلق مختصر اور جامعہ معلومات فراہم کرتے ہوئے عنوان کو متعارف کرائیں۔ اللہ تعالی کی پیدا کردہ چیزوں کے بارے میں بتائیں مختلف جاندار اور بے جان چیزوں کے نام بتائیں ان کے فلیش کارڈ دکھائیں۔ دیوار پر جاندار اور بے جان چیزوں کے فلیش کارڈ لگائیں (چپکائیں)

تیسرا قدم:
تین Expert Group تشکیل دیں۔

(1) جاندار چیزیں
(2) بے جان چیزیں
(3) ایسی چیزیں جو روشنی اور گرمی (طاقت) فراہم کرتی ہیں

دوسرا مرحلہ: Phase II (حکمت عملی)

پہلاقدم: شرکائے ٹریننگ نئی معلومات کے جواب میں معنی اخذ کریں گے ۔ شرکائے کورس نئی معلومات کی فراہمی اور ذہن نشینی کے بعد اسکی تفہیم کو بامعنی بناتے ہوئے اپنے ماحول کے مطابق نئی معلومات کو استعمال میں لانے کیلیئے لائحہ عمل طے کریں گے۔

دوسرا قدم: ہرگروپ میں ایک گروپ لیڈر منتخب کریں الفاظ اور تصویروں کو ملائیں۔ ہرگروپ خاص الفاظ (Keyword) کے ساتھ مزید الفاظ کو وابسطہ "associate" کریں گے (یہ Word association گیم کہلاتی ہے)

1- نئے الفاظ کی ڈرائنگ کریں گے

2- ڈرائینگ اپنے ساتھی کے ساتھ ملائیں (Share) کریں گے۔

3- ہرفرد اپنی ڈرائنگ میں رنگ بھرے گا اور تصویر کو مختلف حصوں میں کاٹے گا تا کہ "Puzzle" کی صورت میں بن جائے جو کہ اسکا ساتھی دوبارہ جوڑے گا۔

مرحلہ نمبر 3: پیشکش اور جائزہ

پہلاقدم: ہرگروپ میں سے گروپ لیڈر کو بلائیں تا کہ گروپ ورک کی ایک مختصر پیشکش کی جائے:

Write the first and the last word of each sentence

------------is the creator of the -----------

------------is the creator of the ------------

------------is the creator of the ------------


دوسرا قدم: کمرہ جماعت میں گروپ ورک کا جائزہ لیں اور ہرگروپ میں جہاں مدد کی ضرورت ہو ان کو مدد فراہم کریں۔

Concept Map

بورڈ پر ایک (Concept map) تصوراتی خاکہ بنائیں

تیسرا قدم: اللہ تعالی کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام لکھ کر "Concept Map" بنائیں، مثلاً سورج، چاند، زمین، دنیا، جنگلات، دریا، سمندر، حیوانات، پرندے، پہاڑیاں، پہاڑ، وغیرہ۔

(Parts of Body) جسم کے اعضاء کے نام　　　سبق:



مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلباء اس قابل ہو جائینگے کہ:

1) جسم کے اعضاء کے نام سمجھ اور سیکھ سکیں۔

2) جسم کے اعضاء کے چارٹ کے ساتھ نام جوڑ سکیں۔

تدریسی سامان:

جسم کے اعضاء کا چارٹ، فلیش کارڈز جس پر جسم کے مختلف اعضاء کی تصویر بنی ہوں تختہ سیاہ، درسی کتاب

طریقہ تدریس:

1) طلباء کو جسم کی تصویریں دکھائیں۔

2) اُن سے کہیں کہ وہ جسم کے اعضاء کے نام اُردو یا انگریزی میں بتائیں۔

جوڑوں میں کام کرنے کے بعد ان سے کہیں کہ اب وہ تمام طلباء کے ساتھ ان اعضاء کے نام (Share) کریں۔

ایک بچہ کمرہ جماعت کے سامنے آئے اور دوسرا بچہ اس سے سوالات کرے۔

Where are your Eyes?

Where is your head?

Where are your lips?

Touch your ears!

Touch your toes!

اس طرح تمام اعضاء کو باری باری چھو کر مظاہراتی طریقہ تدریس سے سکھایا جائیگا۔

اس سبق کے اختتام پر آموزش کا جائزہ لینے کیلئے "Simon says" والی گیم کھلائی جائے گی۔

مثلاً: بچے جب "Simon says" کے بعد کوئی بھی ہدایت سُنیں گے تو اسکو Perform کریں گے اور بچے "Simon says" کے بغیر جو بھی ہدایت سُنیں گے وہ Perform نہیں کریں گے۔

Example

Simon says stand up

بچے کھڑے ہو جائیں گے

Simon says: Touch your forehead.

بچے ماتھے کو چھو کر دکھائیں گے۔ لیکن جب صرف کہا جائے

Stand up!

بچے کھڑے نہیں ہونگے





Touch your feet

تو بچے پاؤں کو نہیں چھوئیں گے۔


سبق: دیکھواور بولو (Look and Say)

(پھل اور سبزیاں)

Listen and read

Fruits	*Vegetables*
	
Apple	***Brinjal***
	
Orange	***Potato***
	
Melon	***Onion***
	
Grapes	***Carrot***
	
Banana	***Pea***
	
Mango	***Cauliflower***

Listen and Read



Cat




Dog




Eagle




Horse



Goat




Sheep



Cow



Camel




Lion



Zebra

Trace and colour the pictures.



مقاصد: اس ٹریننگ سیشن کے اختتام پر شرکاء کورس اس قابل ہونگے کہ وہ:

1- سبزیاں اور پھلوں کو شناخت کر سکیں۔

2- سبزیاں اور پھلوں کے رنگ کو شناخت کر سکیں۔

3- تصویروں کے ساتھ سبزیاں اور پھلوں کے نام کو ملا سکیں۔

تعلم (Outcomes)

اس ٹریننگ سیشن کے اختتام پر بچے اس قابل ہونگے کہ:

1- سبزیوں اور پھلوں کے نام سیکھ سکھیں۔

2- سبزیوں اور پھلوں کو علیحدہ علیحدہ کر سکیں۔

3- مختلف سبزیوں اور پھلوں کے رنگ شناخت کر سکیں۔

مرحلہ نمبر 1: بچوں کو کارڈ دکھائیں اور ان سے پوچھیں:

یہ کیا ہے؟

آپ اس تصویر، چارٹ یا کارڈ میں کیا دیکھ رہے ہو؟

کارڈ دکھانے کے بعد ان پھلوں اور سبزیوں کے نام پوچھیں۔

مرحلہ نمبر 2: بچوں کو انگریزی کے حروف کے کارڈ دیں۔

فلیش کارڈ اور تصویریں دیوار پر چپکائیں۔

(شرکاء کورس سے کہیں کہ وہ ان فلیش کارڈز پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پکاریں یہ سرگرمی انفرادی اور اجتماعی دونوں طریقوں سے کروائی جاسکتی ہے)

1- اب بچے باری باری آئیں وہ تصویر کے سامنے صحیح حرف لگا دیں۔








مرحلہ نمبر 3: شرکاء کورس جماعت میں بچوں کے گروپ بنائیں ہر گروپ سے فلیش کارڈز کی درجہ بندی کریں۔

شرکاء کورس کو سبزیوں اور پھلوں کی تصویریں کٹ آؤٹس مہیا کریں اور ان سے کہیں کہ ان میں صحیح رنگ بھر دیں۔

نوٹ: یہ سرگرمی انفرادی طور پر کرائی جائے اور اس کیلئے تین سے پانچ منٹ کا وقت دیا جائے رنگ بھرنے کے بعد شرکاء کورس سے کارڈ واپس لے لئے جائیں۔ اب شرکاء کورس سے کہیں کہ وہ کسی بھی فروٹ یا سبزی کی تصویر بنائیں۔ اس سرگرمی کیلئے تین سے پانچ منٹ دیں۔

سبق: تصاویر کے نام سیکھنا

Listen and write.

 B....................	 F....................	 H....................
 T....................	 N....................	 R....................
 Q....................	 S....................	 G....................

Listen and write beginning sounds.

J

مقاصد/مہارتیں: سُننا/بولنا

تدریسی مواد: انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 1

سلام ودُعا :Greetings بچوں سے کہیں "Raise your Hand" اور درست جواب پر شاباش "Good" کہیں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

سرگرمی نمبر 1: بچوں سے کہیں Open your books

1- صفحہ نمبر 1 پر دی گئی تصاویر میں جتنا ممکن ہو نام بچوں سے اخذ کروائیں۔

2- ہر ایک تصویر چارٹ/تصویر/ماڈل یا Realia کے ذریعے بچوں کو دکھا کر ان سے کہیں "say"، "Apple" "Aeroplane"، "Airicot"، "Ant" وغیرہ وغیرہ

3- بچوں سے کہیں کہ "Pair" میں باری باری ان ہی تصاویر پر انگلی رکھکر انکے نام ایک دوسرے کو بتائیں۔

4- جوڑوں کے کام کے دوران گھوم پھر کر بچوں کی مدد کریں/حوصلہ افزائی کریں۔

بچوں سے آسان عام قسم کی پہلیاں بھی پوچھیں جو کہ انکی ذہنی سطح کے مطابق ہوں اور ان کے اسباق سے متعلق ہوں۔

متعلقہ الفاظ: **(10 منٹ)**

بچوں سے کہیں کہ وہ تصاویر کے ساتھ متعلقہ الفاظ بنائیں مثلاً (آسمان)

متعلقہ الفاظ: نیلا، وسیع، دُور، بادل، ستارے، جہاز وغیرہ وغیرہ

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ اپنے گھر میں اپنے بہن بھائیوں کو وہ "تصاویر" دکھائیں اور ان کے نام بتائیں۔

سبق:　میرا گھر (My House)

مقاصد: پڑھنا، پڑھ کر سمجھنا، کھیل ہی کھیل میں بچوں کو دلچسپ انداز میں پڑھانا مختلف جسمانی حرکات سے بچوں کو Motivate کرنا اشیاء کو "Label" کرنا

طریقہ تدریس: Observation, look and say, Brainstorming

تعلم: اس سبق کے اختتام پر بچے لکھے ہوئے الفاظ کو پڑھ کر چیزوں کے ساتھ Match کر سکیں گے۔ خود اعتمادی بڑھے گی
بچوں میں تعلیم کے ساتھ پڑھنے کی صلاحیت اجاگر ہو گی۔
تنقیدی سوچ پیدا ہو گی۔

پہلا مرحلہ: استاد گھر کی ایک تصویر/ چارٹ کمرہ جماعت میں سامنے آویزاں کرے بچوں سے کہے اس چارٹ کو 5 منٹ تک غور سے دیکھیں اور اس میں موجود چیزوں کے نام سوچیں۔

دوسرا مرحلہ: استاد بچوں سے چارٹ میں موجود چیزوں کے نام پوچھے اس دوران بچوں کی حوصلہ افزائی V-Good/Good سے کرے۔

تیسرا مرحلہ: استاد بچوں سے اخذ کرواتے ہوئے الفاظ کے کارڈ، گھر والے چارٹ پر ایک ایک کر کے آویزاں کرے باری باری بچوں کو سامنے بلائے اور پوچھے یہ کیا ہے؟ درست لفظ بتانے پر استاد اس لفظ کو با آواز بلند دھرائے اور تمام بچوں کو اس سرگرمی میں شامل کرے۔ غلط ادائیگی پر بچوں کی اصلاح کرے اسی طرح تمام اشیاء کے نام اس چارٹ پر لیبل کرے۔
بچوں کو زیادہ سے زیادہ اس سرگرمی میں سامنے بلا کر تصویروں کے ذریعے الفاظ کی مشق کروائے۔ حوصلہ افزائی کرے۔

آخری مرحلہ: استاد فلیش کارڈ زاتار کر انکو مکس کرے باری باری ہر بچے کو بلائے اور کہے کہ اس میں سے کوئی ایک کارڈ اُٹھا کر چارٹ کو لیبل کر و تصویر کے مطابق فلیش کارڈ چسپاں کرو اس سرگرمی میں تمام بچے حصے لیں۔

Going Shopping سبق:

Going Shopping.

Go to the market

Go to a big shop.

Buy a piece of cake.

Bring home some fruit.

Pay money to the shopkeeper.

Count the change.

Put the things in a basket.

Come back soon.



Dialogue

Aman :- Please show me some apples.

Shopkeeper:- Here they are.

Aman :- Are they fresh?

Shopkeeper:- Yes, they are.

Aman :- Please, give me one kilo.

Shopkeeper:- Alright, Here you are.

Aman :- Where is the bakery?

Shopkeeper:- At the next corner. Turn left from here.

Aman :- Goodbye, and thank you!

Shopkeeper:- Allah Hafiz!

مہارت: سُننا اور بولنا

مقاصد: اس ٹریننگ سیشن کے اختتام پر شرکاء کورس اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

1- آپ اپنی روزمرہ استعمال کی چیزوں کے نام سیکھ لیں۔

2- روزمرہ زندگی میں آپ سادہ اور آسان الفاظ استعمال کرتے ہوئے مختلف اشیاء خرید سکیں۔

3- مختلف اشیاء کی قیمت ادا کر سکیں اور بقایا(Change) گن سکیں۔

تعلم: بازار میں اپنی ضرورت کی چیزوں کی خریداری کرنا

مرحلہ نمبر1: رقم کی ادائیگی

سہل کار شرکائے کورس کو Role Play کیلئے ہدایات آسان زبان میں دے۔

1- ایک دکان کا Scenario بناتے ہوئے میز پر مختلف اشیاء کو ترتیب سے رکھے۔

2- ایک Participant کو دکاندار کا اور دوسرے کو گاہک کا کردار ادا کرنے کو کہے۔

3- شرکائے کورس کو بتائے کہ اب آپ ایک بازار میں ہیں آپ خریداری"Shopping" کرنے کیلئے بازار میں آئے ہیں۔ جو چیز آپ کو ضرورت ہو اُسکے مختلف سوالات کریں اور رقم ادا کر کے خریداری کریں یہ گفتگو انگریزی میں ہوگی۔

(15 منٹ)"Role Play" کے بعد سہل کار شرکائے کورس کو مخاطب کرتے ہوئے ان سے ایک دکاندار کی حیثیت سے سوالات کرے اور باقی تمام"Participant" گاہک والے"Dialogue"ادا کریں۔

جائزہ: Labelling Objects

جو اشیاء میز (دکان) پر رکھی گئی میں اُنکے نام کے فلیش کارڈز میز پر رکھیں۔شرکائے کورس کو بلائیں اور ان سے کہیں کہ وہ دکان میں رکھی ہوئی چیزوں کو لیبل کریں(Label)

Phonics سبق:

(حروف تہجی کی آوازیں)

a	آ
b	بَ
c	کَ ۔ سَ
d	ڈء ۔ ڈَ
e	اے
f	فَ
g	گَ ۔ جَ
h	ھَ
i	اِی
j	جَ
k	کَ
l	لَ
m	مَ
n	نَ
o	اَو
p	پَ
q	کَ
r	رَ
s	سَ ۔ زَ ۔ شَ
t	ٹَ
u	اُو
v	وَء ۔ وَ
w	وَء ۔ وَ
x	کشَ ۔ کسَ
y	یء ۔ ژَ
z	زء ۔ زَ

مقاصد: اس سیشن کے اختتام پر شرکائے ٹریننگ اس قابل ہو جائینگے کہ وہ:

(1) الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کرسکیں۔

(2) انگریزی کے حروف تہجی کی مختلف آوازوں کو شناخت کرسکیں۔

حاصل شدہ نتائج: واحد اور جمع الفاظ کی درست تلفظ کے ساتھ ادائیگی جمع کی آواز کو درست انداز میں ادا کرنا۔

1- تاکہ انگریزی زبان روزمرہ اور کمرہ جماعت میں تقسیم کے ساتھ درست ادا ہو۔

2- الفاظ کی ادائیگی جملوں میں اور عام گفتگو کے دوران کوئی ابہام پیدا نہ کرے۔

3- روائیتی طریقہ تدریس اور جدید طریقہ تدریس میں فرق واضح محسوس کرسکیں۔

پہلا مرحلہ: "Vowel Symbols" کا چارٹ آویزاں کریں

"Four Sided Diminoes" یہ ایسا فلیش کارڈ ہے جس پر چار خانے بنا کر الگ الگ آواز و لفظ لکھے جاتے ہیں۔

(جیسے "Axes,Yaks,Oxes Horses")

ہر گروپ کو "Four Sided Dominoes" مہیا کریں

1- شرکائے کورس سے کہیں کہ وہ اس "Four SD" کو پڑھیں اور مختلف آوازوں کو شناخت کریں۔ ہر لفظ میں "Vowel" اور "Consonants" کی آواز میں فرق محسوس کریں۔

2- شرکاء کورس سے کہیں کہ اس مرحلے میں انفرادی طور پر کام کریں۔

3- "Pairwork" شرکائے کورس "جوڑوں" کی صورت میں کام کریں "Vowel Sound" اور "Symbols" سے متعلق اپنی آموزش تفہیم کو اپنے ساتھی کے ساتھ "Share" کریں۔

4- ہر "Participant" سے کہیں کہ وہ ایک "Vowel Symbol" بورڈ پر لکھے۔

دوسرا مرحلہ:

شرکائے کورس کو "Vowel Symbols" مثالوں کے ساتھ دکھائیں۔ مثلاً انکو "Four Sided Dominoes" دیں

شرکائے کورس تین تین کے گروپ میں بٹھائیں اور الفاظ کو اسطرح کارڈ پر لکھیں۔

1- ایک "Player" کھلاڑی کو نمبروں کے "Score" کا ذمہ دار بنائیں

2- کھیل کے قوانین کو واضح کریں۔

3- کھیل کے دوران کمرہ جماعت میں ہر گروپ کے ساتھ رابطہ رکھیں گھومتے رہیں اور شرکائے ٹریننگ کے مسائل کو ساتھ ساتھ حل کریں۔

4- مشاہدہ کریں کہ شرکاءکورس (کھیل) کارڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کو درست کر رہے ہیں (Match) ملا رہے ہیں۔

تیسرا مرحلہ:

ایک گروپ جو کہ تین کھلاڑیوں پر مشتمل ہے اسکو صرف ایک (Sound) آواز کیلئے ذمہ داری دیں۔

ایک آواز والے "5" پانچ الفاظ لکھنے کو کہیں یہ آواز گروپ پہلے سرگرمی میں سیکھ چکے ہیں۔

اس سرگرمی کے دوران شرکائے ٹریننگ کو مدد فراہم کریں۔

سرگرمی نمبر 2 (ب حصہ)

جمع الفاظ **"Plurals"** میں 'S' اور "es" کی آواز کو سکھانا

شرکائے ٹریننگ سے کہیں کہ وہ کچھ جمع الفاظ اپنے گروپ میں زبانی بتائیں اس میں "Final" آواز "S" اور "es" تکرار ہو۔

1- ان الفاظ کو اپنی نوٹ بک پر لکھیں۔

2- ان الفاظ کو ہر گروپ بورڈ پر لکھ کر پیش کرے۔

3- ان الفاظ کو انکی آواز "Final Sound" کے مطابق دو، تین یا چار "Catogories" میں تقسیم کر کے علیحدہ علیحدہ کالم میں لکھیں۔

4- شرکائے کورس سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو درست لب ولہجہ کے ساتھ پڑھائیں۔

5- ایک بار پھر ان جمع الفاظ بنانے اور پڑھنے (ادائیگی) کے قوانین کو واضح کریں۔

6- سبق کے مطابق شرکائے کورس کو مشق کرائیں۔ (درجہ دوم کتاب انگریزی)

7- شرکائے کورس کو جوڑوں "Pairs" میں کام دیں۔

8- ہر فرد کو ہدایات کے ساتھ سرگرمی کی شیٹ فراہم کریں۔

9- کسی بھی "Trainee" سے کہیں کہ وہ ہدایات کو پڑھیں۔

10- ہدایات کو واضح کریں اور مثال کے ذریعے مزید وضاحت کریں۔

11- شرکائے کورس سے کہیں کہ وہ انفرادی طور پر اپنی پسند کا ایک لفظ بتائیں۔

12- اس لفظ کو ایک جملے میں استعمال کریں۔

Phonemic Awareness :سبق

(انگریزی کے حروف تہجی کی پہچان)

5.1 Short vowel sounds

Short sound "A"

Ending "at"		*Ending "an"*	
A Cat		*A van*	
A bat		*A man*	
A mat		*A fan*	
A rat		*A pan*	
A hat		*A can*	
A pat		*A wan*	

5.2 Short sound of "e"

Ending "en"		*Ending "et" & "eg"*
A pen		*An egg*
A hen		*A leg*
A den		*A keg*
A fen		*A net*
A yen		*A jet*
A ken		*A pet*

مہارت: سُننا

مقاصد:

1) بچے انگریزی کے حروف تہجی کی آوازیں پہچان لیں۔
2) بچے صحیح مخرج سے انگریزی کے حروف کی ادائیگی کرسکیں۔

تعلم: (Out Comes)

بچے انگریزی کے حروف کو "Phonic System" سے پڑھنا اور بولنا سیکھ لیں۔ مختلف حروف تہجی کی آوازوں میں فرق محسوس کرسکیں۔

پہلا مرحلہ:

-1 معلم (استاد) Sounds کا چارٹ آویزاں کرے۔
-2 بچوں سے کہے کہ وہ چارٹ کو دیکھیں اور بغور سُنیں۔
-3 استاد انگریزی حروف تہجی کی "Sounds" پیدا کرے۔
-4 بچوں سے کہے کہ وہ ان آوازوں کی مشق کریں۔
-5 اُستاد بچوں سے باری باری "Phonic Chart" کے ذریعے "Sound" کی مشق کرائے۔

دوسرا مرحلہ:

-1 اُستاد بچوں کو 'A' سے 'Z' تک کے حروف تہجی اور ان کے ساتھ فلیش کارڈ یا تصویریں دے۔
-2 بچوں سے کہے کہ وہ ہر "Letter" کی ساتھ تصویر دکھائیں۔
-3 اُستاد مشاہدہ کرے آیا بچوں نے ہر "Letter" کی "Sound" کے سامنے درست تصویر لگائی ہے۔
-4 بچوں کی مدد سے اس "Matching" سرگرمی کو مکمل کریں

تیسرا مرحلہ:

-1 بچوں کو کمرہ جماعت کے سامنے بلائیں۔
-2 بچوں کو کارڈ دکھائیں۔

3- انگریزی کے حروف تہجی ترتیب سے پڑھیں۔

4- تصویر کے سامنے پہلا حرف لگائیں۔

انفرادی سرگرمی

1- ہر بچے کو تصویروں کا ایک چھوٹا چارٹ مہیا کریں۔ جس پر صرف ایک حرف لکھا ہو

2- بچے سے کہیں کہ وہ اس حرف سے متعلقہ تصویر کو رنگ بھرے اور اس حرف کی ادائیگی کرے۔

یہ سرگرمی باری باری عام بچوں سے کرائیں۔

سبق: انگریزی کے حروف تہجی

(انگریزی کے حروف کی درجہ بندی(Classification)اوران کو لکھنے کا طریقہ)

English Hand Writing

Gross Letters (Middle Lines)

a c e i m n o r s u v w

Sky Letters (Upper Three Lines)

b d h k l t

Root Letters (Lower Three Lines)

g j q y z

Common Letters (Four Lines)

f p

Joining Two Letters

Gross + Sky Letter

at do

Joining Three Letters

day bay

مقاصد: اس ٹریننگ سیشن کے اختتام پر شرکائے ٹریننگ اس قابل ہو جائینگے کہ:

1- وہ انگریزی حروف تہجی کی چار (4) مختلف اقسام (درجہ بندی) کو پہچان لیں۔

2- وہ چار لائنوں میں انگریزی حروف تہجی کو درست انداز (طریقے) سے لکھیں۔

3- وہ دو اور تین لیٹرز کو ملا کر لکھنا سیکھیں۔

مرحلہ نمبر 1:

شرکائے ٹریننگ کو کمرہ جماعت میں سرگرمی میں شامل کرنے کیلیئے بلائے اس سرگرمی میں پوری جماعت شامل ہوگی۔

پہلا قدم: ان سے کہیں کہ وہ اپنے زمانہ طالبعلمی کو ذہن میں لاتے ہوئے یاد کریں کہ انھوں نے لکھنا کیسے سیکھا۔ اس سرگرمی میں پوری کلاس شامل ہوگی۔

دوسرا قدم: زبانی اظہار کے بعد سہل کار بورڈ پر وہ تمام لکیریں کھینچے جو کہ لکھائی کیلیئے ضروری ہیں۔ انگلش کی پہلی کتاب (صفحہ نمبر 7) پر دی گئی سرگرمی کو شامل کرنا ہے۔

Writing Skill لکھائی کی سرگرمی

ACTIVITIES OF FOUR LINGUISTIC SKILLS
(Listening, Speaking, Reading and Writing)

CLASS I

Activity - I

Fill in the gapes with capital and small letters.

A	B		D		M			Z
a		C		e		n	Q	

Activity-2

Match capital and small letters.

B	d
Y	z
Z	b
N	r
R	n
M	q
Q	e
E	g
G	y
D	m
	o
	a

Activity –3

Match the number with words

Number	Words
8	Nine
7	Eight
5	One
3	Two
2	Ten
4	Five
6	Seven
10	Four
1	Three
9	Six

زبانی دانی کی چار مہارتوں کیلئے سرگرمی:

سننا، بولنا، پڑھنا اور لکھنا۔

سرگرمی نمبر 1: English Hand Writing

درمیانی لائن	Gross letters(middle line)
اوپر والی تین لائنیں	Sky letters(Upper three lines)
نیچے والی تین لائنیں	Root letters(lower three lines)
عام حروف جو چار لائن میں لکھے جاتے ہیں۔	Common letters(four lines)

دو حروف کو ملا کر لکھنا

Joining two letters

Gross and sky letters

تین حروف کو ملا کر لکھنا








Joining three letters

جائزہ:

مندرجہ ذیل چارٹ کو "Capital" اور "Small" انگریزی کے حروف تہجی سے پُر کریں۔

سبق: دیکھو اور بولو

Look and Say:


مقاصد: اس ٹریننگ سیشن کے اختتام پر شرکاءکورس اس قابل ہونگے کہ وہ:

1- چیزوں کی شناخت کرسکیں۔

2- لفظ کا پہلا حرف شناخت کرسکیں۔

3- الفاظ کے ابتدائی حروف کے ساتھ مختلف اشیاء کو "Match" کرسکیں۔

تعلم (Outcomes)

اس سبق کے بعد شرکاءکورس اس قابل ہونگے کہ:

1- تصویروں کو شناخت کرسکیں۔

2- انگریزی کے حروف کی صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کرسکیں۔

مرحلہ نمبر 1:

1- شرکاءکورس کو فلیش کارڈ دکھائیں اوران تصویروں اور چیزوں کے نام پوچھیں۔

2- ان کو چیزوں کے نام بتائیں۔

3- حروف کی ادائیگی کی مشق کرائیں۔

مرحلہ نمبر 2:

1- شرکاءکورس کو فلیش کارڈز دکھائیں۔اوران تصویروں اور چیزوں کے نام پوچھیں۔

2- شرکاءکورس سے کہیں کہ وہ مختلف اشیاء کے کارڈز کی درجہ بندی کریں۔

3- ان سے کہیں کہ ان سے ان چیزوں کے نام با آواز بلند پکاریں۔


4- دوگروپ بنائیں۔گروپ نمبر 1 کوانگریزی کے حروف تہجی کے کارڈز دیں گروپ نمبر 2 کوان حروف سے بننے والی تصویروں کے کارڈ دیں۔


5- گروپ نمبر 1 میں ایک ممبر سے کہیں کہ وہ ایک تصویر اٹھائے۔


6- گروپ نمبر 2 کے ایک ممبر سے کہیں کہ وہ کارڈ پر بنی ہوئی تصویر کے لفظ کا پہلا حرف اُٹھائے


سبق: مختلف اشیاء کے نام اور ان کی شناخت

Look and Say:






















Match the pictures with letters
















A
i
M
e
Z
f
T
h
R
o
P
b














طریقہ تدریس: دیکھو اور بولو(Strategy)

مقاصد: اس ٹریننگ سیشن کے اختتام پر شرکائے تربیت اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

1) بچوں کی ذہنی صلاحیتوں کو ابھارنے کیلئے ذہنی ہیجان "Brainstorming" کا طریقہ تدریس استعمال کر سکیں

2) زبانی لسانی مہارتوں کی مشق کروائیں۔

3) "Look and Say" تکنیک کی مشق کرنا تا کہ بچوں کے ذہن میں ابھرنے والے تصورات اور الفاظ کو بچوں سے اخذ "Deduct" کرائیں۔

تعلم (Outcomes)

اس سیشن کے اختتام پر مندرجہ ذیل صلاحیتیں اجاگر ہوں گی۔

1) "Look and Say" اس حکمت عملی سے بچوں میں خود اعتمادی پیدا ہوگی۔

2) بچے حروف تہجی کو سمجھ کر پڑھیں گے اور صحیح شناخت کریں گے۔

3) وہ پرندوں، جانوروں اور گھریلو استعمال کی چیزوں کو انگریزی کے حروف کے ساتھ (Match) کر سکیں گے۔

پہلا مرحلہ (Phase):

اس مرحلے میں اُستاد اصل اشیاء (Realia) ماڈل، حروف تہجی کے فلیش کارڈ بچوں کو دکھائے۔

بچوں کو ان کی تعداد کے مطابق گروپوں میں تقسیم کریں۔ مثلاً 20 یا 25 بچوں کو 4 اور 5 گروپوں میں ترتیب دیں۔ (ایک گروپ میں کم از کم چار اور زیادہ سے زیادہ پانچ) بچے رکھیں۔

کمرہ جماعت میں انگریزی کے حروف تہجی کا چارٹ آویزاں کریں اسکے متوازی انگریزی حروف کے ساتھ ساتھ تصویریں بھی لگائیں۔ کوشش کریں کہ ہر حرف کے سامنے کم از کم 5 یا 7 تصویریں لگائیں

مثلاً

A:

Apricot/Aunt/Apple/Aram/Aeroplane/Allah

B:

Bed,Banana,Basket,Ball,Bat,Bag,Book,Blue,Bangle

C:

Calss,Cat,Coat,Cartoon,Car,Cupboard,

D:

Doll,Dog,Door,Donkey,Dusbin

E:

Egg,Eagle,Elephant,Eye,Ear

F:

Fan,Frog,Forest,Fat,Finger,Foot,Flag

اسی طرح ہرحرف سے 5یا7"Noun" بنائیں اوران کی تصویریں حروف تہجی کے سامنے لگائیں۔

دوسرا مرحلہ:

1) زیرتربیت اساتذہ سے کہیں کہ وہ 10یا15 منٹ تک حروف تہجی اورانکے سامنے لگی ہوئی تصویروں کا مشاہدہ کریں۔

2) ان سے کہیں کہ وہ سہل کارکو بغورتوجہ کے ساتھ سنیں۔

3) سہل کاران تصویروں اورحروف تہجی کے چارٹ کواستعمال کرتے ہوئے باآواز بلندانکے نام صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کرے۔ جس حرف کی ادائیگی کرےاسکے سامنے آویزاں تصویروں کی طرف اشارہ کرےاوران کے نام بھی پکارے۔

4) اسطرح دیوار پرانگریزی کےحروف تہجی ترتیب سے مناسب فاصلے سے"Paste" کرکے ہرحرف کے سامنے یااس سے بننے والی تصویریں لگائیں۔دیوار پر لگے ہوئے چارٹ اورتصویروں کا بغورمشاہدہ کریں اورتصویروں کے نام پکارے۔ اس سرگرمی میں پوری جماعت کوشامل کریں۔یہ بچہ اپنی دانست کے مطابق اس سرگرمی میں حصہ لے بچوں کی بھرپورشمولیت کو یقینی بنائیں ہربچہ پانچ یاسات الفاظ ہرحرف سے بنانا سیکھ لیں۔الفاظ کے ساتھ تصویروں کو"Match" کرسکیں اس سرگرمی میں بچوں کومکمل آزادی دی جائے۔کہ وہ اگراردو یاانگریزی میں اس تصویرکو بیان کرسکتے تو اپنی مادری زبان مثلاً پشتو ،بلوچی،براہوی،یافارسی وغیرہ میں اس چیزکا نام پکارے۔

تیسرا مرحلہ: "Look and Say" کی مشق 15 منٹ تک کروائی جائے۔

1) بچوں کو تصویروں کے کارڈ اور انگریزی کے حروفِ تہجی ہر گروپ میں تقسیم کیے جائیں۔
2) بچوں سے کہا جائے کہ وہ تصویروں کو حروف کے ساتھ "Match" کریں۔
3) اس سرگرمی کے لیئے 10 منٹ دیں۔
4) استاد کمرہ جماعت میں مسلسل گروپ ورک کا مشاہدہ کرے۔
5) گروپ ورک میں سہل کاری کے فرائض انجام دے۔
6) 15 منٹ کے بعد سرگرمی کی پیشکش کریں۔
7) "A" سے "Z" تک مختلف انگریزی کے حروفِ تہجی سے بننے والے کارڈ اور تصویریں ان حروف کے ساتھ "Match" کرے۔
8) تصویروں کے سامنے حروف کو ترتیب سے آویزاں کریں۔
9) تصویر اور کارڈ کا نام بھی پکاریں۔
10) اس سرگرمی میں ہر گروپ حصہ لے۔

اعادہ: **جائزہ (Assessment)**


اُستاد تمام کارڈ کو مکس "Mix" کر کے دوبارہ بچوں کو فلیش کارڈ دکھائے اور ان چیزوں کے نام پوچھے۔
اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر بچہ تمام کارڈ اور تصویروں کو شناخت کر سکتا ہے۔

Cardinal and Ordinal numbers from 1 to 10

(ایک سے دس تک اعداد)

Say Numbers in English after counting the objects.

1 **One**	
2 **Two**	
3 **Three**	
4 **Four**	
5 **Five**	
6 **Six**	
7 **Seven**	
8 **Eight**	
9 **Nine**	
10 **Ten**	


Fan
Wall Clock
Window
Radio
Door
Chair
Electric Lamp
Bed
Table
Pillow
Carpet
Charpai
Fan
Oil Lamp
Mura
Television
Hand-Fan

مقاصد: اس سیشن کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائینگے کہ وہ:

-1 1 سے 10 تک اعداد کو انگریزی میں پڑھ سکیں (بلند خواندگی)

-2 1 سے 10 تک اعداد کو روزمرہ زندگی میں استعمال کر سکیں گے۔

-3 1 سے 10 تک کے اعداد کو لکھ سکیں گے۔

مرحلہ نمبر 1:

ایک سے دس تک اعداد کے فلیش کارڈز کو رنگین مار کر چارٹ سے کاٹیں/ بنائیں۔

بچوں کو کمرہ جماعت کے سامنے بلائیں اور بچوں کو ایک ایک عدد دکھا کر بولتے/ پکارتے ہوئے بچے کی پیٹھ پر چپکا دیں بچوں کو پیٹھ کی سمت کھڑا کر کے کمرہ جماعت میں بچوں کو با آواز بلند ایک سے دس تک کے اعداد پکار کر پڑھائیں۔ ایک بچے کو جماعت کے سامنے بلا کر یہ سرگرمی دہرائیں۔ بچوں کو اس سرگرمی میں مسلسل شامل کریں۔ ایک سے دس تک نمبروں کو مکس کر کے بچوں سے کہیں کہ ان کو ترتیب دیں۔

مرحلہ نمبر 2:

اب ایک سے دس تک کے ہندسوں والے بچے چہرے کے رخ کمرہ جماعت میں کھڑے ہوں

سوال کریں

نمبر پانچ کون ہے؟ نمبر کے ساتھ نام بھی پکاریں۔ جیسے علی نمبر 5 ہے "Five" (انگریزی میں بھی دہرائیں)

اسی طرح ایک سے دس تک کے ہندسوں کو سوالات کے ذریعے پوچھیں اور اعادہ کریں۔

جائزہ:

جائزہ کیلئے صفحہ نمبر 37 کی سرگرمی بچوں کو مہیا کریں۔ (انگریزی کی اول کی کتاب سے)

ایک سے دس تک کے ہندسوں کی سرگرمی نمبر پُر کریں اور چیزوں میں رنگ بھریں۔

Activity

Use of "This" and "That"

This is a Glass That is Jug	
This is a bird. That is a Orange	
This is an Umbrella That is Flower	

Activity-

Use of "Is" and "Are"

a) This ________ a book.

b) These ________Mangoes.


c) Those ________ Flowers.


d) That ________ a rabbit.


e) This ________an elephant.

Activity-


Use of "These" and "Those"


These are Apples. 

Those are pencils 









These are balls. 

Those are Inkpots 


These are chairs. 




Those are Tables. 



1
2
3
4
5
6
7
8
9
10


blood
tried
leg

write
young
catch

ten
can
they

sea
show
come








smoke



net


phone
fat
went
bed

live
match
toe
sit

see
late
build
give

have
sky
this
bread

Instruction:

1. Trace over the dotted pictures.
2. Write the word.
3. Colour and cut out all the fruits.
4. Glue them on a chart or paper.





̣20. TWINKLE, TWINKLE, LITTLE STAR

winkle, twinkle, little star,
ow I wonder what you are!
p above the world so high,
ke a diamond in the sky!

12. ONE, TWO

One, two,
Buckle my shoe;
Three, four,
Shut the door;
Five, six,
Pick up the sticks,
Seven, eight,
Set them straight;
Nine, ten,
A big fat hen.

